## ملک میں ایمرجنسی نافذ نہ کرنے کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔9، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حکومت کی جانب سے ملک میں ایمرجنسی نافذ نہ کرنے کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ ملک بھر کے جمہوریت پسند حلقوں کی ترجمانی کرتا ہے اور ملک کیلئے نیک شگون ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے ملک میں جمہوری عمل کو جاری رکھنا چاہئے اور انتخابات کے ذریعے عوام کو اپنے نمائندے منتخب کرنے کا موقع ملنا چاہئے تاکہ پاکستان میں جمہوریت کی گاڑی رواں دواں رہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز سے ملک میں ایمرجنسی کے نفاذ کی افواہوں سے ملک بھر کے جمہوریت پسند عوام اور حلقوں میں بے چینی پائی جاتی تھی اور حکومت کی جانب سے ملک میں ایمرجنسی کے نافذ نہ کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے اور ایم کیوایم اس فیصلے کا سے خیرمقدم کرتی ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر سے الیکشن میں حصہ لے گی

### آئندہ انتخابات کیلئے تنظیم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کے صلاح ومشورے سے امیدواروں کے نام اور کوائف جمع کرنے کیلئے فوری طور پر ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی جارہی ہے

### رابطہ کمیٹی کے ارکان کے مشترکہ اجلاس میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ اور متعدد فیصلے کئے گئے

لندن۔۔۔9، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا مشترکہ اور طویل اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں موجود رابطہ کمیٹی کے اراکین اور کراچی میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔اجلاس کی صدارت رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کی۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینز طارق جاوید، ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین بھی شریک تھے۔اجلاس میں آئندہ انتخابات کے حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ کی انتخابی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اس حوالہ سے مختلف تجاویز پر غوروخوض کے بعد متعدد فیصلے کئے گئے۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ انتخابات کیلئے تمام زونوں، سیکٹروں، یونٹوں کے ذمہ داروں اور کارکنوں کے صلاح ومشورے سے امیدواروں کے نام اور کوائف جمع کرنے کیلئے فوری طور پر ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی جارہی ہے جو تحریک کے ذمہ داروں اور کارکنوں کی رائے کے مطابق امیدواروں کے ناموں کی فہرستیں جمع کرکے رابطہ کمیٹی کو پیش کرے گی جس میں سے رابطہ کمیٹی آئندہ انتخابات کیلئے امیدواروں کا حتمی چناؤ کرے گی۔اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ انتخابات کی تیاری اور انتخابی مہم کو چلانے کیلئے زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کی سطح پر فوری طور پر الیکشن کمیٹیاں تشکیل دی جارہی ہیں جو مرکزی الیکشن سیل سے رابطہ میں رہیں گی اور متعلقہ زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کے تعاون سے انتخابی تیاریوں اور انتخابی مہم کا عمل آگے بڑھائیں گی۔اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ انتخابی اخراجات کو پورا کرنے کیلئے فوری طور پر متحدہ الیکشن فنڈ قائم کیا جائے گا اور عوام اور مخیّر حضرات اور ہمدردوں سے اپیل کی جائے گی کہ وہ اس الیکشن فنڈ میں بھرپور طریقہ سے فنڈ جمع کروائیں۔اجلاس میں متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی الیکشن سیل کی جانب سے پیش کی جانے والی اس رپورٹ پر بھی غوروخوض کیا گیا کہ جس میں مرکزی الیکشن سیل نے حلقہ وائز قومی وصوبائی اسمبلی کی تمام نشستوں کی تفصیلی صورتحال پیش کی ہے۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ متحدہ قومی موومنٹ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر سے الیکشن میں حصہ لے گی اور اس ضمن میں عنقریب متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی رہنماء پنجاب، سرحد اور بلوچستان کا دورہ کریں گے اور وہاں کے ذمہ داران اور کارکنان سے مشورے کرکے پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے لائحہ عمل تیار کریں گے۔رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں متحدہ قومی موومنٹ کی جاری عوامی رابطہ مہم کا بھی جائزہ لیا گیا اور اسے مزید تیز کرنے کیلئے متعدد فیصلے کئے گئے۔جس میں حق پرست منتخب اراکین، حق پرست وزراء اور مشیران متعلقہ زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کے ساتھ مل کر علاقوں میں دورے کریں گے اور عوام سے رابطہ کریں گے۔اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ رابطہ کمیٹی کے اراکین فوری طور پر زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کے تنظیمی دورے کریں گے۔جن میں کارکنوں سے ملاقاتوں اور زونوں، سیکٹروں ویونٹوں کی تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلروں کی ان کے حلقوں میں کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا اور اس ضمن میں حلقے کے عوام سے بھی رابطہ کیا جائے گا۔

## حق پرست عوام محترمہ قمر النساء کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔9/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے کارکن یاسین آزاد کی اہلیہ محترمہ قمر النساء کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ قمر النساء کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی میں مزید پانچ اراکین کا اضافہ کردیا گیا
## عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے، انور عالم

کراچی۔۔۔9/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی میں مزید پانچ اراکین کا اضافہ کردیا ہے۔ یہ اعلان گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے ایک اجلاس میں کیا۔رابطہ کمیٹی کے اعلان کے مطابق اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اضافی ارکان میں سراج راجپوت، جمال الدین برمانی، غلام حیدر راہو، محمد یوسف اورعزیز احمد سومرو شامل ہیں۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، اشفاق منگی اوراندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جوملک میں فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرنہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کرنا ایم کیوایم کا نصب العین ہےاورایم کیوایم کے منتخب نمائندگان اور کارکنان اپنی بساط سے بڑھ کر دکھی انسانیت کی عملی خدمت میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ملک کے گوشے گوشے پھیل چکا ہےاورملک بھر کے عوام میں شعوری بیداری کا عمل شروع ہوچکا ہے۔انشاءاللہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کا اتحاد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کی نوید ثابت ہوگا۔انہوں نے اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران پرزوردیا کہ وہ سندھ کے گوشے گوشے میں حق پرستی کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں استعمال کریں اور گھر گھر جاکر عوام سے رابطہ کرکے انہیں ایم کیوایم کیخلاف کی جانے والی سازشوں سے آگاہ کریں۔اجلاس سے رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے بھی خطاب کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم اختتام پذیر ہوگئی

کراچی۔۔۔9/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم اختتام پذیر ہوگئی۔اس سلسلے میں جمعرات کوانسداد پولیو کی سہ روزمہم کے آخری روز بھی فاؤنڈیشن کے مراکز پرسینکڑوں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیوویکسین کے قطرے پلانے کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی، کراچی کے مختلف علاقوں میں قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں کے علاوہ حیدرآباد میں قائم فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر اور ذیلی دفاتر میں خصوصی انتظامات کیے گئے تھے۔اس موقع پروالدین نے بہت بڑی تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز سے رابطہ کیااوراپنے بچوں کو پولیوویکسین کے قطرے پلوائے۔عوامی سطح پرخدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیومہم کو زبردست پذیرائی حاصل ہوئی۔

## سازشی عناصر الطاف حسین کونقصان پہنچانے کی سازش سے باز رہیں،میڈیکل ایڈ کمیٹی

کراچی۔۔۔9/اگست 2007

متحدہ قومی موومنٹ میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اراکین نے حکومت برطانیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کے انکشاف کا سختی سے نوٹس لے اور جناب الطاف حسین کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور ہرممکن مثبت اقدامات بروئے کار لائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں صحیح معنوں میں جمہوریت کے نفاذ اور 98 فیصد غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں اور عوام دشمن عناصر حق پرستی کی جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کیلئے جناب الطاف حسین کو نقصان پہنچانے کی سازش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر جناب الطاف حسین کو نقصان پہنچانے کی سازش سے باز رہیں اور یاد رکھیں کہ اگر جناب الطاف حسین کی سلامتی پر ذرہ برابر حرف آیا تو سازشی عناصر کو کہیں جائے پناہ نہیں ملے گی۔میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم برنس روڈ سیکٹر رتن تلاؤ یونٹ کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم برنس روڈ سیکٹر رتن تلاؤ یونٹ کے کارکن فہیم کی والدہ زینت بانو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆